جبکہ شیعہ مسلم آبادی کا ۱۰ فیصد ہیں۔ جائزے کے دیگر پہلوؤں میں جدید دور سے پہلے اور جدید دور کے ابتدائی عرصے میں جنوبی ایشیائی شیعیت پر ایک نظر ہے۔ حیدر آباد اور آندھرا پردیش میں شیعہ مذہبی رسوم کو بیان گیا ہے۔ دارجیلنگ کے سنی تناظر میں محرم کی صورتحال کا تذکرہ ہے اور لداخ میں شیعہ بدھ مت تعلقات اور آخر میں ہندوستانی شیعوں اور عالمی سطح پر شیعیت کا موازنہ کیا گیا ہے۔

David Plinault, "Shiism in South Asia", *The Muslim World* LXXXVII:3-4 (July-October 1997), pp.235-257

قرآن میں تفسیر اور استفسار

جتنی زور دار کوئی الہامی کتاب ہو گی، اتنی ہی اہم اس کی تفسیر ہو گی۔ قرآن کی تفسیر یا اس کی تشریح ہر دور میں ایک ضروری کام سمجھا جاتا رہا ہے۔ اس میں جن ناگزیر سوالات سے واسطہ پڑتا ہے، ان میں پہلا یہ ہے کہ اس کا اہل کون ہے اور اس کی اہلیت کس بنیاد پر ہے؟ سوالات کا دائرہ کیا ہو گا اور یہ کہ آیا اس کی گرائمر وغیرہ کے حوالے سے کوئی تحدید ہو گی؟ شروع کے حاشیوں کی کیا حیثیت ہے؟۔ کیا اس سے کچھ امور باہر بھی ہیں؟ معاصر تفاسیر کی کس حد تک گنجائش ہے؟ ان تمام سوالات کا تعلق تفسیر سے ہے۔ روایتی تیکنیکوں کے جائزے کے بعد مضمون میں "سیاق و سباق"، "تنسیخ"، "استعارات"، "تدبر" اور قرآن کی خود ساختہ مکی اور مدنی سورتوں کی صورت میں تقسیم کے عمیق مضمرات کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس پہلو سے بھی کہ اس تقسیم سے کس طرح عصری ضرورتوں کے مطابق اسلام کو ان تمام معاشروں میں جہاں مسلمان اقلیت میں ہیں، سیاست سے الگ رکھا جا سکتا ہے۔

Kenneth Cragg, "Tafsir and Istifsar in the Quran", *Islam and Christian Muslim Relations*, 8:3 (1997), pp. 309-321

بوسنیا ہرزیگووینا کا آئین - انسانی حقوق کی شقوں پر بحث

۲۱ نومبر ۱۹۹۵ء کو ڈیٹن کے مقام پر بوسنیا ہرزیگووینا میں امن کی بحالی کے لیے ایک